(حافظ خلیل اقبال ۔ کمالیہ)

شہید ختم نبوت و عظمتِ ناموس صحابہؓ
حضرت پیر جی عبدالعلیم رائے پوری

پیروِ مصطفےٰ آہ عبدالعلیم
وارثِ انبیاء، آہ عبدالعلیم

آہ پیر عبدالعلیم جدا ہو گیا
ہو گیا چمنِ علم و عرفاں ویراں عبدالعلیم

زیب و زینت وہ مسندِ چیچہ وطنی
مئے فروشِ ھُدا آہ عبدالعلیم

بند کر کے دکانِ مئے معرفت
لو وہ ساقی چلا آہ عبدالعلیم

حیف، سُونی ہوئی محفلِ سوز و عشق
آج پا گیا رتبۂ شہادت آہ عبدالعلیم

قادیانی بت کدہ کی ظلمت میں تیرا وجود
نیر و کوکب و ماہ عبدالعلیم

تو سدا فقر و فخری پہ تھا گامزن
تو فقیری میں تھا شاہ عبدالعلیم

راحت و عشرت و عزت و مال و زر
تو نے سمجھا پرِ کاہ عبدالعلیم

مدفنِ علم و حکمت ہے تُربت تیری
منبعِ حشمت و جاہ عبدالعلیم

تو حضرتِ امیرِ شریعت کا سچا خادم تھا
اور پیکرِ علم و حیا، آہ عبدالعلیم

خلیل ان جیسی شہادت نصیب ہو
عیشۃ راضیۃ واہ عبدالعلیم

بقیہ از ۴

معدوم ہو جانے کا خدشہ ہے۔"

ہم سمجھتے ہیں کہ حالیہ فسادات اور قتل و غارت گری غیر ملکی سازش کا حصہ ہے۔ جس کے ذریعے پاکستان کے دینی تشخص کو ختم کر کے اور اسے سیکولر سٹیٹ بنا کر اپنے مذموم مقاصد حاصل کرنا ہے۔ بے نظیر زرداری کا بیان کہ ہمیں "ترقی پسندی اور بنیاد پرستی دونوں میں سے ایک کا انتخاب کرنا ہو گا"۔ دینی حلقوں کے لئے خاص طور پر قابل توجہ ہے۔ اب پاکستان کے مسلمانوں کو یہ فیصلہ کرنا ہو گا کہ وہ عیسائیوں کی رعایا بن کر رہنا چاہتے ہیں یا اپنی آزاد حیثیت میں۔

ہم مسلمان ہی کفار و مشرکین کے مشترکہ ہدف ہیں۔ اپنے دشمن اور اس کے ایجنٹوں کو پہچانیئے، سوچیئے اور پاکستان کو بچا لیجئے کہ پاکستان کی بقاء سے ہماری سلامتی وابستہ ہے۔